مختصر مسائل و احکام

# طہارت ونماز

تألیف

فضیلۃ الشیخ العلاّ مہ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ

ترجمہ

ابو عدنان محمد منیر قمر

(ترجمان سپریم کورٹ، الخبر، سعودی عرب)

ناشرین

توحید پبلیکیشنز (جدید) بنگلور۔ انڈیا

www.ahlehadees.com مسلک اهل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اهلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

*** توجہ فرمائیں ***

کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الکٹرانک کتب۔۔۔

* عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
* مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی با قاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد اَپ لوڈ[UPLOAD] کی جاتی ہیں۔
* متعلقہ ناشرین کی تحریری اجازت کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔
* دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات کی نشر و اشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

**** تنبیہ ****

** کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب کسی بھی الکٹرانک کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔

** ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی ، قانونی و شرعی جرم ہے۔

نشر و اشاعت اور کتب کے استعمال سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں :

ٹیم کتاب و سنت ڈاٹ کام

webmaster@kitabosunnat.com

www.kitabosunnat.com

www.KitaboSunnat.com

اشاعت کے دائمی حقوق بحقِ مؤلف محفوظ ہیں

نامِ کتاب : مختصر مسائل واحکامِ طہارت ونماز

تالیف : علامہ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ

ترجمہ : ابوعدنان محمد منیر قمر نواب الدین

کمپوزنگ : شاہد ستّار

طبع اول : اپریل ۲۰۰۲ء

........................................

ہندوستان میں ملنے کے پتے

☆ توحید پبلیکیشنز ، ایس. آر. کے. گارڈن

بنگلور۔فون. ٦٦٥٠٦١٨

☆ چار مینار بک سٹور

چار مینار روڈ، شیواجینگر ، بنگلور۔۱

ناشرین

توحید پبلیکیشنز (جدید) بنگلور۔انڈیا

مسلک اہل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اہلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز **www.ahlehadees.com**

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرستِ مضامین


| صفحہ نمبر | مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 3 | فہرستِ مضامین | ۱ |
| 6 | عرضِ مترجم | ۲ |
| 7 | **مسائل واحکامِ طہارت ونماز** | ۳ |
| 7 | وضوء | ۴ |
| 7 | کیفیّتِ وضوء | ۵ |
| 8 | غُسل | ۶ |
| 8 | طریقۂ غُسل | ۷ |
| 8 | تیمّم | ۸ |
| 9 | اندازِ تیمّم | ۹ |
| 9 | **نماز** | ۱۰ |
| 9 | نماز کی مسنون کیفیّت وطریقہ | ۱۱ |
| 9 | استقبالِ قبلہ ونیّت | ۱۲ |
| 9 | تکبیرِ تحریمہ | ۱۳ |
| 10 | دعاءِ استفتاح وثناء | ۱۴ |
| 10 | تعوّذ وتسمیہ اور سورۃ الفاتحہ | ۱۵ |
| 11 | قراءت | ۱۶ |
| 11 | رکوع اور اسکی تسبیح | ۱۷ |
| 12 | قومہ اور اسکے اذکار | ۱۸ |


مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۹ | سجوداور انکی تسبیح | 12 |
| ۲۰ | جلسہ بین السجدتین اور اسکی دعاء | 13 |
| ۲۱ | دوسرا سجدہ | 13 |
| ۲۲ | دوسری رکعت | 13 |
| ۲۳ | قعدہ | 14 |
| ۲۴ | تشہّد | 14 |
| ۲۵ | درودِ شریف | 14 |
| ۲۶ | تعوّذ و دعاء | 15 |
| ۲۷ | سلام پھیرنا | 15 |
| ۲۸ | تین یا چار رکعتیں پڑھنے کا طریقہ | 15 |
| ۲۹ | تورّک | 16 |
| ۳۰ | مکروہاتِ نماز | 16 |
| ۳۱ | مُبطِلات ومُفسِداتِ نماز | 16 |
| ۳۲ | **سجدۂ سہو کے مسائل واحکام** | 17 |
| ۳۳ | نماز میں اضافہ کرنا | 17 |
| ۳۴ | اسکی مثال | 17 |
| ۳۵ | قبل از وقت سلام پھیر لینا | 17 |
| ۳۶ | اسکی مثال | 18 |
| ۳۷ | واجباتِ نماز میں سے کچھ چھوڑنا | 18 |
| ۳۸ | اسکی مثال | 18 |


مسلک اہل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اہلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۹ | تعدادِ رکعات میں شک | 18 |
| ۴۰ | اسکی مثال | 19 |
| ۴۱ | ترجیح کی شکل میں | 19 |
| ۴۲ | اسکی مثال | 19 |
| ۴۳ | **مریض کی طہارت ونماز کے مسائل** | 20 |
| ۴۴ | طہارت کا طریقہ | 20 |
| ۴۵ | کیفیّتِ تیمّم | 20 |
| ۴۶ | پٹی، جبس یا ڈامر پر مسح | 20 |
| ۴۷ | ایک تیمّم سے کئی نمازیں | 21 |
| ۴۸ | جسمانی طہارت | 21 |
| ۴۹ | کپڑوں کی طہارت | 21 |
| ۵۰ | جائے نماز کی طہارت | 21 |
| ۵۱ | اوقاتِ نماز کی پابندی | 22 |
| ۵۲ | مریض کی نماز کا طریقہ | 22 |
| ۵۳ | بیٹھ کر نماز | 22 |
| ۵۴ | لیٹ کر نماز | 22 |
| ۵۵ | اشارے سے نماز | 23 |
| ۵۶ | جو اشارہ بھی نہ کر سکے | 23 |
| ۵۷ | دو نمازوں کو جمع کرنا | 23 |
| ۵۸ | نمازیں قصر کرنا | 24 |

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# عَرضِ مُتَرجِم

﴿اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰہِ نَحْمَدہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہٖ اللّٰہُ فَلا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلا ھَادِیَ لَہٗ وَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ﴾

**اَمَّا بَعْدُ:**

قارئینِ کرام! السَّلامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُاللّٰہِ وَ بَرکَاتُہٗ:

طہارت ونماز کے احکام ومسائل کے بارے میں بیشمار کتابیں اور مختصر رسائل عربی واردو ہرزبان میں بکثرت ہیں، لیکن فضیلۃ الشیخ علاّمہ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ کا رسالہ اختصار کے ساتھ ساتھ انتہائی جامع مانع ہے۔اور عربی میں کئی اندازوں سے اسکے لاتعداد اڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔

علاّمہ موصوف کی ثقہ شخصیت اور انکے اس رسالہ کی شہرت وثقاہت کے پیشِ نظر اسکا اردو ترجمہ ہدیۂ قارئین کیا جارہا ہے، اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ مؤلف ومترجم اور اسکی نشر واشاعت میں تعاون کرنے والے تمام احباب کو جزاءِ خیر سے نوازے اور اس رسالے کو شرفِ قبول سے نوازے۔آمین

وَالسَّلامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُاللّٰہِ وَ بَرکَاتُہٗ

| | |
|---|---|
| سعودی عرب، الخبر | ابوعدنان محمد منیر قمر نواب الدّین |
| شبِ جمعۃ المبارک | ترجمان سپریم کورٹ الخبر داعیہ متعاون |
| ۲۹/۴/۱۴۲۲ھ | مرکز دعوت وارشاد، الخبر، الدمام، الظہران |
| ۲۰/۷/۲۰۰۱ء | |

مسلک اھلِ حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

## مسائل واحکامِ

# طہارت ونماز

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنِ، وَالصَّلاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيِّيْنِ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنِ وَ سَيِّدِ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ، نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.**

**اَمَّا بَعْدُ:**

یہ مختصر سا رسالہ، کتاب وسنت کی روشنی میں مسائل واحکامِ وضوء، غسل اور نماز کے بارے میں ہے۔

**وضوء:** حدثِ اصغر یعنی پیشاب، پاخانہ، خروجِ ہوا، گہری نیند اور اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد واجب طہارت کا حاصل کرنا ''وضوء'' کہلاتا ہے۔

## کیفیّتِ وضوء:

ا۔ دل سے وضوء کی نیّت کریں۔ نیّت کے الفاظ زبان سے نہ کہیں، کیونکہ نبی ﷺ وضوء کرتے وقت، نماز پڑھتے وقت یا کوئی بھی عبادت بجالاتے وقت زبان سے نیّت کے الفاظ ادا نہیں فرمایا کرتے تھے۔ اور اللہ چونکہ دلوں کے رازوں کو بھی جانتا ہے۔ لہٰذا زبان کی نیّت کا لفظوں سے اظہار کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

۲۔ پھر سب سے پہلے کہیں: بِسْمِ اللّٰهِ (شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے)

۳۔ پھر دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھوئیں۔

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۴۔ پھر تین مرتبہ پانی سے کُلی کریں اور تین مرتبہ ہی پانی سے ناک صاف کریں۔

۵۔ پھر تین مرتبہ چہرہ دھوئیں اور چہرے کی حدودِ اربعہ دائیں کان سے بائیں کان تک اور پیشانی کے بالوں کی جگہ سے لے کر داڑھی (ٹھوڑی) کے نیچے تک ہیں۔

۶۔ پھر انگلیوں کے پوروں سے لیکر کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کو باری باری دھوئیں، پہلے دایاں اور پھر بایاں۔

۷۔ پھر ایک مرتبہ سر کا مسح کریں اور وہ یوں کہ دونوں ہاتھوں کو گیلا کریں اور انھیں سر کے شروع سے لیکر آخر (گردن) تک لے جائیں اور پھر شروع تک واپس لے آئیں۔

۸۔ پھر دونوں کانوں کا ایک مرتبہ مسح کریں۔ شہادت کی دونوں انگلیوں کو کانوں کے سوراخوں میں ڈالیں اور دونوں انگوٹھوں کو کانوں کی پشت پر پھیر دیں۔

۹۔ پھر تین مرتبہ دونوں پاؤں دھوئیں۔ انگلیوں کے پوروں سے لے کر ٹخنوں تک۔ پہلے دایاں اور پھر بایاں۔

## غسل:

حدثِ اکبر یعنی جنابت اور حیض وغیرہ سے واجب طہارت کا حاصل کرنا ''غسل'' کہلاتا ہے۔

## طریقۂ غسل:

۱۔ دل سے غسل کی نیّت کریں اور نیّت کے الفاظ زبان سے نہ کہیں۔

۲۔ پھر سب سے پہلے کہیں: بِسْمِ اللّٰهِ (شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے)

۳۔ پھر پورا وضوء کریں۔

۴۔ پھر سر پر دونوں ہاتھوں سے پانی ڈالیں اور جب سر مکمل طور پر بھیگ جائے تو تین مرتبہ سر پر کھلا پانی ڈالیں۔

۵۔ پھر سارا بدن دھولیں۔

## تیمّم:

جس کو پانی نہ ملے یا پانی کے استعمال سے اسے نقصان پہنچے، اسکے لئے پانی کے ساتھ غسل ووضوء کی بجائے مٹی کے ساتھ واجب طہارت حاصل کرنے کا نام ''تیمّم'' ہے۔

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



### اندازِ تیمّم:

غسل یا وضوء، جسکی جگہ تیمّم کرنا ہو اسکی (دل سے) نیّت کریں اور زمین پر یا زمین سے متصل دیوار وغیرہ پر دونوں ہاتھ ماریں اور پھر دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مَل لیں اور پھر دونوں ہاتھوں کو آپس میں ایک دوسرے سے مَل لیں۔

# نماز

نماز چند اذکار و اقوال اور حرکات واعمال پر مشتمل عبادت ہے، جسکا آغاز تکبیرِ تحریمہ سے اور انتہاء سلام پھیرنے سے ہوتی ہے۔

اگر کوئی شخص نماز پڑھنا چاہے تو حدثِ اصغر کی صورت میں اس پر واجب ہے کہ وہ وضوء کرے اور حدثِ اکبر کی شکل (جنابت وغیرہ) میں غسل کرے اور اگر پانی نہ پائے یا پانی کے استعمال سے اسے ضروری نقصان پہنچتا ہو تو اسے تیمّم کی اجازت ہے۔

اسے چاہیئے کہ اپنے بدن، کپڑوں اور مقامِ نماز (جائے نماز) کو نجاست وگندگی سے پاک صاف کرلے۔

## نماز کی مسنون کیفیّت وطریقہ

### استقبالِ قبلہ ونیّت:

۱۔ اپنے پورے جسم کے ساتھ قبلہ رو ہو جائے، اور اِدھر اُدھر تانک جھانک نہ کرے۔

۲۔ پھر دل سے اس نماز کی نیّت کرے، جسے وہ ادا کرنا چاہتا ہے۔ نیّت کو لفظوں میں ادا نہ کرے۔

### تکبیرِ تحریمہ:

۳۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور تکبیر کہتے وقت اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے کندھوں تک اٹھائے (رفع الیدین کرے)

مسلک اھلِ حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۴۔ پھر اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھ کر، دونوں ہاتھوں کو سینے پر باندھ لے۔

## دعاءِ استفتاح وثناء:

۵۔ پھر آغازِ نماز کی یہ دعاء پڑھے:

**﴿اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِي وَبَیْنَ خَطَایَايَ کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْأَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ﴾۔(بخاری ومسلم)**

اے اللہ! میرے اور گناہوں کے مابین اتنی دوری کردے جتنی کہ مشرق ومغرب کے مابین ہے۔ اے اللہ! میری خطاؤں کو اس طرح دھو کر صاف کردے جس طرح سفید کپڑے سے میل کچیل دھویا جاتا ہے۔ اے اللہ! میری غلطیوں اور خطاؤں کو پانی، برف اور اولوں سے دھودے۔

اگر یہ دعاء یاد نہ ہو تو یہ ثناء پڑھ لیں:

**﴿سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَ وَ بِحَمْدِکَ، وَتَبَارَکَ اسْمُکَ، وَتَعَالٰی جَدُّکَ،وَلَااِلٰہَ غَیْرُکَ.﴾**

اے اللہ! تو اپنی تعریفوں کے ساتھ پاک ہے، تیرا نام بڑا برکت والا ہے، تیری شان بڑی بلند وبالا ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

## تعوّذ وتسمیہ اور سورۃ الفاتحہ:

۶۔ پھر یہ تعوّذ پڑھے:

**﴿اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ.﴾**

میں شیطانِ مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

۷۔ پھر بِسْمِ اللّٰہِ اور یہ سورۃُ الفاتحہ پڑھے:

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَانِ الرَّحِیْمِ ☆اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ☆الرَّحْمَانِ الرَّحِیْمِ☆مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ☆اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ☆اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ☆صِرَاطَ الَّذِیْنَ أَنْعَمْتَ**

www.ahlehadees.com مسلک اہل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اہلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ☆

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ ہر قسم کی تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔ بدلے (قیامت) کے دن کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھی راہ دکھا، ان لوگوں کی راہ جن پر تو نے انعام کیا۔ ان کی نہیں جن پر غضب کیا گیا، اور نہ گمراہوں کی۔

☆ جب سورۃ الفاتحہ مکمل کرلے تو پھر کہے: آمین، جسکا معنی ہے: اے اللہ! میری دعائیں قبول فرما۔

## قراءت:

۸۔ اسکے بعد اسے قرآنِ کریم میں سے جو آسانی سے آتا ہو، (کوئی سورت یا کسی سورت کا کوئی حصّہ آتا ہو) اسے پڑھے۔ اور نمازِ فجر میں قراءت کچھ لمبی کرے۔

## رکوع اور اسکی تسبیح:

۹۔ سورۃ الفاتحہ اور دوسری قراءت سے فارغ ہوکر رکوع کریں یعنی اللہ تعالیٰ کی تعظیم کے لئے اپنی کمر جھکائیں اور رکوع کرتے وقت اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہیں اور اپنے ہاتھوں کو دونوں کندھوں کے برابر تک اٹھائیں (رفع الیدین کریں)۔ اور سنّت یہ ہے کہ کمر کو بالکل سیدھا کیا جائے اور سر بھی اس کے برابر رہے۔ (اٹھا ہوا یا جھکا ہوا نہ ہو) اور اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو کھلا رکھ کر ہتھیلیوں کو اپنے گھٹنوں پر رکھیں۔

۱۰۔ رکوع میں تین مرتبہ یہ تسبیح پڑھیں:

﴿سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ﴾ (ابوداؤد)

پاک ہے میرا رب عظمت والا۔

اور اگر ان کلمات کا اضافہ بھی کرلیں تو بہتر ہے:

﴿سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي﴾ (بخاری ومسلم)

پاک ہے تو اے اللہ!، ہمارے پروردگار! اپنی تعریفوں کے ساتھ، اے اللہ! مجھے بخش دے۔

www.ahlehadees.com مسلک اهل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اهلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قومہ اور اس کے اذکار:

۱۱۔ پھر یہ کہتے ہوئے رکوع سے سر اٹھائیں۔

﴿سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه‘﴾

اللہ نے اسکی سن لی جس نے اسکی حمد وتعریف بیان کی۔

یہ کہتے ہوئے (اور رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے) اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے کندھوں تک اٹھائیں۔ (رفع الیدین کریں)

☆ مقتدی **سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه‘** نہ کہیں۔ وہ اس کی بجائے یہ کہیں:

﴿رَبَّنَا وَ لَکَ الْحَمْد﴾

اے ہمارے رب! ہر قسم کی تعریفیں تیرے لئے ہیں۔

۱۲۔ جب رکوع سے اٹھ کر سیدھے کھڑے ہوجائیں، تو یہ کہیں:

﴿رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمَاوَاتِ وَمِلْءُ الْأَرْضِ وَمِلْءُ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ﴾ (مسلم)

اے ہمارے رب! ہر قسم کی تعریفیں تیرے لئے ہیں۔ زمین وآسمان کی پہنائیوں کے برابر اور ان کے علاوہ بھی جس چیز کو تو پیمانہ بنانا چاہے، اسکے برابر۔

## سجود اور انکی تسبیح:

۱۳۔ پھر خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہوجائیں اور (قومہ سے) سجدہ جاتے ہوئے اَللّٰهُ اَکْبَرُ کہیں۔ اور سات اعضاءِ جسم پر سجدہ کریں؛ ۱۔ ناک سمیت پیشانی، ۲، ۳۔ دونوں ہتھیلیاں، ۴، ۵۔ دونوں گھٹنے، ۶، ۷۔ دونوں پاؤں کی انگلیاں۔ اپنی کلائیوں کو اپنے پہلوؤں سے ہٹا کر رکھیں، اور اپنی کلائیوں کو کہنیوں تک زمین پر نہ بچھائیں، اور پاؤں کی انگلیوں کے پوروں کو قبلہ رُخ رکھیں۔

۱۴۔ سجدے میں یہ تسبیح تین بار کہیں:

﴿سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی﴾

مسلک اہل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اہلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پاک ہے میرا رب بلند وبالا شان والا۔

اوراگران کلمات کا اضافہ بھی کرلیں تو اچھا ہے:

﴿ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِکَ اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِيْ﴾ (بخاری ومسلم)

پاک ہے تو اے اللہ! ہمارے پروردگار! اپنی تمام تعریفوں کے ساتھ، مجھے بخش دے۔

## جلسہ بین السجدتین اوراسکی دعاء:

۱۵۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَر کہتے ہوئے سجدہ سے سر اٹھائیں۔

۱۶۔ اب بائیں پاؤں کو بچھا کراس پر بیٹھ جائیں، اوردایاں پاؤں کھڑا رکھیں۔ اپنا دایاں ہاتھ اپنے دائیں گھٹنے کے ساتھ ہی دائیں ران پراس طرح رکھیں کہ سب سے چھوٹی انگلی اوراسکے ساتھ والی انگلی بند ہوں، اور درمیانی انگلی اورانگھوٹھے کا حلقہ بنائیں، اور بائیں ہاتھ کی انگلیاں کھلی چھوڑ کراسے بائیں گھٹنے کے ساتھ ہی ران پر رکھیں۔

۱۷۔ دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھ کر یہ دعاء کریں:

﴿اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاھْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاجْبُرْنِیْ وَعَافِنِيْ﴾ (ابوداؤد، ترمذی)

اے اللہ! میری بخشش فرما، مجھ پر رحم کر، مجھے ہدایت دے۔ مجھے رزق عطا کر، میرے مصائب ونقصان کی تلافی فرما اور مجھے عافیت سے رکھ۔

## دوسرا سجدہ:

۱۸۔ اسکے بعد پورے خشوع وخضوع کے ساتھ اَللّٰہُ اَکْبَر کہتے ہوئے دوسرا سجدہ کریں اوراسمیں بھی وہی کریں اور وہی پڑھیں جسکا تذکرہ پہلے سجدہ کے ضمن میں گزرا ہے۔

## دوسری رکعت:

۱۹۔ اب اَللّٰہُ اَکْبَر کہتے ہوئے دوسرے سجدہ سے اٹھیں، اوردوسری رکعت پڑھیں۔ اسمیں بھی وہی کرنا اور پڑھنا ہے، جو پہلی رکعت میں کیا اور پڑھا ہے، سوائے اسکے کہ دوسری رکعت میں دعاءِ استفتاح وثناء نہیں ہے۔

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قعدہ:

۲۰۔ دوسری رکعت مکمل کرنے کے بعد اللہُ اَکبر کہتے ہوئے بالکل اسی طرح بیٹھ جائیں، جس طرح دو سجدوں کے درمیان بیٹھے تھے۔

## تشہّد:

۲۱۔ اس قعدہ میں پہلے یہ تشہّد پڑھیں:

**﴿اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ أَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہ، أَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ، أَشْھَدُأَنْ لَّا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ وَأَشْھَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ﴾**

ہر قسم کی زبانی، بدنی اور مالی عبادات اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہیں۔اے اللہ کے نبی ﷺ! آپ پر اللہ کی سلامتی، اسکی رحمت اور اسکی برکتیں نازل ہوں، ہم پر بھی اللہ کی سلامتی نازل ہو، اور اللہ کے تمام نیک وصالح بندوں پر بھی، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں ہے، اور اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

## درود شریف:

اسکے بعد یہ درود شریف پڑھیں:

**﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ إِبْرَاھِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ☆**

**اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیْم وَعَلٰی آلِ إِبْرَاھِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌمَّجِیْدٌ﴾**

اے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر درود بھیج، جس طرح کہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریروتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اوران کی آل پر درود بھیجا، تو بڑا ہی تعریفوں والا اور بزرگی والا ہے۔ اور حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر برکتیں نازل فرما، جس طرح کہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اوران کی آل پر برکتیں نازل فرمائیں، تو بڑا ہی تعریفوں والا اور بزرگی والا ہے۔

## تعوّذ و دعاء:

پھر یہ تعوّذ و دعاء کریں:

**﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَ فِتْنَةِ الْمَمَاتِ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ﴾**

اے اللہ! میں عذابِ جہنّم سے، عذابِ قبر سے، موت وحیات کے فتنہ سے، اور مسیحِ دجال کے فتنہ سے، تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اسکے بعد دنیا وآخرت کی بھلائیوں میں سے جو دعاء چاہیں، وہ مانگیں۔

## سلام پھیرنا:

۲۲۔ پھر پہلے دائیں طرف سلام پھیریں اور یہ کہیں:

**﴿أَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ﴾**

تم پر اللہ کی سلامتی اور رحمت ہو۔

اور اسکے بعد یہی کلمات کہتے ہوئے بائیں طرف بھی سلام پھیریں۔

## تین یا چار رکعتیں پڑھنے کا طریقہ:

۲۳۔ اگر نماز تین یا چار رکعتوں والی ہو تو تشہّد کے ان آخری کلمات:

**﴿أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَ رَسُوْلُهُ﴾**۔ پر جا کر رک جائیں۔

۲۴۔ پھر اَللّٰهُ اَكْبَر کہتے ہوئے کھڑے ہو جائیں، اور اپنے دونوں ہاتھوں کو کندھوں تک اٹھانے (رفع الیدین کرنے) کے بعد دوبارہ سینے پر باندھ لیں۔

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲۵۔اب بقیہ نماز بھی اُسی طرح پڑھیں، جسطرح کہ دوسری رکعت پڑھی ہے، سوائے اسکے کہ قیام میں صرف سورۃُ الفاتحہ پڑھنے پر ہی اکتفاء کریں۔

## تورّک:

۲۶۔اب آخری قعدہ کیلئے تورّک کے انداز سے بیٹھیں کہ دایاں قدم کھڑا ہو، اور بایاں قدم دائیں پنڈلی کے نیچے سے دائیں طرف نکال دیں، اور بائیں سرین کے بل زمین پر بیٹھ جائیں، اور اپنے دونوں ہاتھوں کو اسی طرح اپنی دونوں رانوں پر رکھیں، جس طرح کہ قعدۂ اولیٰ کے وقت رکھے تھے۔

۲۷۔اِس قعدۂ اخیرہ میں بھی مکمل تشہُّد (جمع درود شریف اور تعوّذ و دعاء) پڑھیں۔

۲۸۔آخر میں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہ** کہتے ہوئے **پہلے** دائیں طرف اور پھر بائیں طرف سلام پھیر لیں۔

## مکروہاتِ نماز:

۱۔نماز میں پورا سر پھیر کر یا صِرف نگاہیں پھیر کر اِدھر اُدھر دیکھنا مکروہ ہے، البتہ آسمان کی طرف نگاہ اٹھانا حرام ہے۔

۲۔نماز کے دوران کوئی بلا ضرورت ولایعنی کام یا حرکت مکروہ ہے۔

۳۔نماز میں کوئی ایسی چیز پاس رکھنا مکروہ ہے، جو نمازی کی توجہ نماز سے ہٹانے کا باعث ہو جیسے کوئی بھاری یا رنگدار (پھولدار) چیز۔

۴۔دورانِ نماز پہلوؤں (کوکھوں) پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہونا بھی مکروہ ہے۔

## مُبطِلات ومُفسِدات نماز:

۱۔نماز کے دوران جان بوجھ کر گفتگو کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے، چاہے وہ بات معمولی سی ہی کیوں نہ ہو۔

۲۔نماز کے دوران اگر نمازی اپنے پورے بدن کے ساتھ قبلہ کی جانب سے کسی دوسری طرف مڑ جائے تو نماز باطل ہو جاتی ہے۔

مسلک اھلِ حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۳۔ اگر کسی کی ہوا خارج ہو جائے یا وضوء وغسل کا کوئی بھی سبب پیدا ہو جائے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

۴۔ بلا ضرورت، مسلسل اور بکثرت حرکت کرنے سے بھی نماز فاسد ہو جاتی ہے۔

۵۔ ہنسنے سے بھی نماز باطل ہو جاتی ہے، وہ چاہے تھوڑا ہی کیوں نہ ہو۔

۶۔ اگر جان بوجھ کر کسی نے نماز میں رکوع، سجدہ، قیام یا قعدہ کا اضافہ کر دیا، تو اس سے بھی نماز باطل ہو جاتی ہے۔

۷۔ جان بوجھ کر (سجدہ ورکوع وغیرہ میں) امام سے پہل کرنے سے بھی نماز باطل وفاسد ہو جاتی ہے۔

# سجدۂ سہو کے مسائل واحکام

## ۱۔ نماز میں اضافہ کرنا:

اگر کوئی شخص بھول کر نماز میں رکوع، سجود، قیام یا قعدہ کا اضافہ کر بیٹھے، تو وہ اس نماز کو مکمل کر کے سلام پھیرے، پھر سہو کے دو سجدے کرے، اور پھر دوبارہ سلام پھیر دے۔

### اسکی مثال:

اگر ظہر کی نماز پڑھ رہا تھا، اور بھول کر پانچویں رکعت کیلئے کھڑا ہو گیا، پھر یاد آیا یا کسی نے یاد دلایا، تو وہ اَللّٰہُ اَکْبَر کہے بغیر بیٹھ جائے اور تشہُّد اُخیر (بمع درود شریف اور تعوّذ و دعاء) سے فارغ ہو کر سلام پھیر لے۔ پھر دو سجدے کرے اور سلام پھیر لے۔ اسی طرح اگر اسے سلام پھیرنے کے بعد پتہ چلے کہ اس نے بھول کر نماز میں اضافہ کر دیا ہے تو وہ سہو کے دو سجدے کرے اور سلام پھیر لے۔

## ۲۔ قبل از وقت سلام پھیر لینا:

اگر آپ نے نماز سے پہلے ہی سلام پھیر لیا۔ پھر جلد بعد ہی یاد آیا یا کسی نے یاد دلایا، تو جتنی نماز پڑھ لی ہے، اس سے آگے والی بقیہ نماز مکمل کریں اور سلام پھریں اور پھر سہو کے دو سجدے کریں اور پھر سلام پھر لیں۔

مسلک اھل حدیث کا داعی و ترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر و تقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**اسکی مثال:**

اگر کوئی شخص نماز ظہر پڑھ رہا تھا، مگر اس نے بھول کر تیسری رکعت کے بعد سلام پھیر لی، پھر اسے یاد آ گیا یا کسی نے یاد دلا دیا، تو وہ چوتھی رکعت پڑھے اور سلام پھیر لے۔ پھر دو سجدے کرے اور دوبارہ سلام پھیر لے۔

☆ اگر کسی کو بہت دیر کے بعد جا کر یاد آیا کہ میں نے تو بھول کر تین ہی رکعتیں پڑھی تھیں، تو پھر وہ اس نماز کو نئے سرے سے مکمل ہی ادا کرے۔

## ۳۔ واجباتِ نماز میں سے کچھ چھوڑنا:

اگر کسی سے بھول کر نماز کے واجبات مثلاً دو تشہّد والی نماز کا تشہدِ اول چھوٹ گیا، تو وہ سلام پھیرنے سے پہلے صرف سہو کے دو سجدے کر لے اس پر اور کچھ نہیں ہے۔ اگر اسکی جگہ سے آگے بڑھنے سے پہلے ہی یاد آ گیا تو اسی وقت اس واجب کو ادا کر لیں اور اگر اسکے مقام سے آگے نکل گئے، مگر اس سے آگے والے مقام وعمل تک پہنچنے سے پہلے ہی یاد آ گیا، تو وہیں سے واپس ہو جائیں اور اس واجب کو ادا کر لیں۔ اس شکل میں بھی اس شخص پر کوئی سجدۂ سہو وغیرہ نہیں ہے۔

**مثال:**

دو رکعتوں کے بعد والا تشہّد بھول گیا اور تیسری رکعت کیلئے کھڑے ہو گئے تو اب واپس نہ بیٹھیں۔ البتہ سلام پھرنے سے پہلے سہو کے دو سجدے کر لیں۔ یا تشہّد کیلئے بیٹھے مگر تشہّد پڑھنا بھول گئے اور اٹھنے لگے مگر اٹھ جانے سے پہلے ہی یاد آ گیا تو فوراً تشہّد پڑھ لیں اور اس پر کوئی سجدۂ سہو نہیں۔ ایسے ہی تشہّد پڑھنا بھول گئے اور اگلی رکعت کیلئے اٹھنا شروع کیا مگر پورے طور پر کھڑے ہو جانے سے پہلے ہی یاد آ گیا تو واپس بیٹھ جائیں اور تشہّد پڑھ کر نماز پوری کریں۔ تاہم ایسے شخص کیلئے اہلِ علم نے ذکر کیا ہے کہ وہ سہو کے دو سجدے کر لے کیونکہ اس نے نماز میں یہ تھوڑا سا اٹھ جانے کا اضافہ کیا ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

## ۴۔ تعدادِ رکعات میں شک:

اگر کسی کو شک ہو جائے کہ اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین؟ اور دونوں میں سے کوئی بھی عدد راجح شکل

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اختیار نہ کر سکے، تو وہ یقین پر بنیاد رکھے اور یقین والا عدد کم رکعتوں والا ہے۔ اور نماز پوری کرنے کے بعد سلام پھیرنے سے پہلے سجدۂ سہو کر لے اور پھر سلام پھیر لے۔

**مثال:**

اگر کوئی ظہر کی نماز پڑھ رہا تھا اور دوسری رکعت پر اسے شک ہو گیا کہ یہ دوسری ہے یا تیسری اور دونوں میں سے کوئی بھی راجح شکل میں نہ ہو تو وہ دوسری سمجھے اور نماز مکمل کر لے اور سلام پھیرنے پہلے سہو کے دو سجدے کر لے۔

## ۵۔ ترجیح کی شکل میں:

اگر کسی کی نماز کی رکعتوں میں شک ہو جائے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین؟ اور ان دونوں میں سے ایک جانب اس کے نزدیک راجح بھی ہو، تو وہ راجح جانب پر بنیاد رکھے۔ وہ کم تعداد والی ہو زیادہ والی، اور اس صورت میں سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے کر لے اور سلام پھیر لے۔

**مثال:**

ایک شخص نمازِ ظہر ادا کر رہا تھا۔ اور دوسری رکعت پر اسے شک ہو گیا کہ یہ دوسری ہے یا تیسری؟ اور اسے اس رکعت کا تیسری ہونا راجح لگا، تو وہ اسے تیسری سمجھتے ہوئے نماز کو مکمل کر لے اور سلام پھیر لے۔ پھر سہو کے دو سجدے کر لے اور سلام پھیر لے۔

☆ اگر کسی کو سلام پھیر لینے کے بعد شک ہو جائے تو وہ اسکی پرواہ نہ کرے، اِلّا یہ کہ اسے یقین ہو جائے۔

☆ اگر کوئی شخص شکوک طبع یا کثیر الشک ہو تو وہ بھی شک کی پرواہ نہ کرے، کیونکہ یہ وسواس میں سے ہے۔

**وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔**

**وَ صَلَّى اللّٰهُ وَسَلَّمَ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ۔**

مسلک اہل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اہلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مریض کی طہارت ونماز کے مسائل

## طہارت کا طریقہ:

١۔مریض یا بیمار کیلئے واجب ہے کہ وہ بھی پانی سے طہارت حاصل کرے۔حدثِ اصغر کی صورت میں وضوء کرے اور حدثِ اکبر کی شکل میں غسل کرے۔

٢۔اگر وہ پانی سے طہارت حاصل کرنے سے معذور ہو یا مرض کے بڑھ جانے یا شفاء کے مؤخّر ہو جانے کا خطرہ ہو تو وہ تیمّم کرلے۔

## کیفیّتِ تیمّم:

٣۔وہ پاک زمین پر دونوں ہاتھ صرف ایک ہی مرتبہ مارے،اوران کے ساتھ اپنے پورے چہرے کومَل لے اور پھر اپنے دونوں ہاتھوں کوایک دوسرے کے ساتھ مَل لے۔

٤۔اگر وہ خود طہارت نہ کرسکتا ہو،تو اسے کوئی دوسرا شخص وضوء یا تیمّم کروادے۔

٥۔اگر بعض اعضاءِ طہارت زخمی ہوں تو انھیں پانی سے دھوئے۔لیکن اگر پانی سے دھونا نقصان دہ ہو تو ان پر مسح کرلے۔اپنا ہاتھ گیلا کرلے اور انکے اوپر سے گزار دے،اور اگر مسح کرنا بھی نقصان دہ ہو تو وہ انکا تیمّم کرلے۔

## پٹی،جبس یا ڈامر پر مسح:

٦۔اگر کسی کے اعضاءِ طہارت میں سے کوئی عضو ٹوٹا ہوا ہو اور اس پر پٹی یا جبس وڈامر لگا ہوا ہو،تو اس عضو پر پانی سے مسح کرلے۔البتہ وہ تیمّم نہ کرے کیونکہ مسح کرنا،دھونے کے قائم مقام ہے۔

٧۔دیوار یا کسی ایسی چیز پر بھی تیمّم جائز ہے جو پاک ہو اور اس پر گرد وغبار بھی ہو۔اور دیوار پر پینٹ (روغن) کیا گیا ہو تو اس پر تیمّم نہ کرے۔ہاں اگر روغن کے اوپر بھی گرد وغبار موجود ہو تو اس پر تیمّم کرسکتا ہے۔

٨۔اگر کوئی شخص زمین،دیوار یا غبار والی کسی بھی دوسری چیز پر تیمّم نہ کرسکتا ہو،تو پھر اسمیں بھی کوئی حرج نہیں کہ

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کسی برتن یا رومال میں مٹی ڈال کر اسکے آگے رکھ دیں جس سے وہ تیمّم کر سکے۔

## ایک تیمّم سے کئی نمازیں:

۹۔ اگر اس نے تیمّم کیا اور ایک نماز پڑھ لی جسکے لئے اس نے تیمّم کیا تھا۔ اور اگلی نماز کا وقت آنے تک اس کی طہارت (تیمّم) ابھی باقی ہے (وضوء نہیں ٹوٹا) تو وہ اسی پہلے تیمّم کے ساتھ اگلی نماز بھی پڑھ سکتا ہے۔ دوسری نماز کیلئے تیمّم کا اعادہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ وہ تو تا حال طہارت کی حالت میں ہے، اور اسے باطل کرنے والا کوئی سبب رونما نہیں ہوا۔

## جسمانی طہارت:

۱۰۔ بیمار پر بھی واجب ہے کہ وہ اپنے جسم کو تمام نجاستوں اور پلیدیوں سے پاک کرے اور اگر کوئی بیمار ایسا کرنے سے معذور ہے، تو وہ اُسی حالت میں ہی نماز پڑھ لے۔ اسکی نماز صحیح ہے، اور عذر زائل ہو جانے کے بعد اسے اس نماز کو دھرانے کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

## کپڑوں کی طہارت:

۱۱۔ بیمار کیلئے یہ بھی واجب ہے کہ وہ پاک صاف کپڑوں میں نماز ادا کرے۔ اگر اسکے کپڑوں کو کوئی نجاست یا غلاظت لگ جائے تو اسکے لئے ضروری ہے کہ انہیں دھوئے یا کپڑے بدلے اور اگر اسکے لئے یہ سب ممکن ہی نہ ہو تو پھر وہ اسی حالت میں ہی نماز ادا کرلے۔ اسکی نماز صحیح ہے اور اس پر اعادہ کرنا بھی لازم نہیں ہے۔

## جائے نماز کی طہارت:

۱۲۔ بیمار پر یہ بھی واجب ہے کہ وہ کسی پاک جگہ یا چیز پر نماز ادا کرے۔ اگر وہ جگہ یا چیز نجس و ناپاک ہو جائے تو اسے دھو کر پاک کرلے یا پھر کسی دوسری چیز کے ساتھ اسے بدل لے یا پھر اسکے اوپر کوئی پاک چیز (قالین، دری کپڑا وغیرہ) بچھالے۔ اگر ایسی کوئی صورت ممکن نہ ہو، تو پھر اسی جگہ نماز پڑھ لے۔ اسکی نماز صحیح ہے اور اسے اسکے اعادے کی بھی کوئی ضرورت نہیں۔

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اوقاتِ نماز کی پابندی:

۱۳۔ کسی بیمار کیلئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ طہارت کے معاملہ میں معذور ہونے کی شکل میں نماز کو اسکے وقت سے مؤخر کر دے۔ بلکہ اسے چاہیئے کہ بقدرِ امکان طہارت اختیار کرے اور نماز کو اسکے وقت پر ادا کرے، چاہے اسکے بدن، کپڑے اور جگہ پر کوئی نجاست وغلاظت ہی کیوں نہ لگی ہو، کیونکہ وہ اسے صاف کرنے سے معذور ہے۔

## مریض کی نماز کا طریقہ:

ا۔ مریض و بیمار کے لئے واجب ہے کہ وہ کھڑے ہو کر ہی نماز ادا کرے، اگرچہ تھوڑا سا جُھک کر ہی کیوں نہ کھڑا ہو۔ اور اگر کسی چیز کا آسرا لے کر کھڑے ہونے کی ضرورت محسوس کرتا ہو تو دیوار یا کسی عصا وغیرہ کے ساتھ ٹیک لگا کر بھی کھڑا ہو سکتا ہے۔

## بیٹھ کر نماز:

اگر کوئی کھڑے ہونے کی استطاعت ہی نہ رکھتا ہو، تو وہ بیٹھ کر نماز پڑھ لے۔ اور افضل یہ ہے کہ قیام اور رکوع کے اوقات میں وہ چار زانو ہو کر یا آلتی پالتی (چوکڑی) مار کر بیٹھے۔

## لیٹ کر نماز:

اگر بیٹھ کر بھی نماز ادا نہ کر سکتا ہو تو کسی ایک پہلو پر لیٹ کر نماز پڑھ لے، اور دائیں پہلو پر لیٹ کر نماز پڑھنا افضل ہے۔ اگر قبلہ رُو ہونے کی استطاعت نہ ہو تو جِدھر بھی رخ ہو اُدھر ہی نماز پڑھ لے۔ اسکی نماز صحیح ہے اور اسے اسکے اعادہ کرنے یا دہرانے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

۴۔ اگر کسی ایک پہلو پر قبلہ رو لیٹ کر، نماز پڑھنے کی بھی طاقت نہ ہو، تو کمر کے بل چت لیٹ جائے اور پاؤں قبلہ کی طرف کر لے، اور افضل یہ ہے کہ سر کو (سرہانے وغیرہ سے) ذرا اونچا رکھے، تا کہ اسکا منہ قبلہ کی طرف ہو جائے۔ اور اگر یہ بھی نہ کر سکتا ہو کہ اسکے پاؤں قبلہ کی طرف ہوں تو پھر جس طرح بھی ممکن ہو، نماز پڑھ لے۔ (اسکی نماز صحیح ہے) اور اس پر اعادہ بھی ضروری نہیں۔

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اشارے سے نماز:

۵۔ بیمار کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنی نماز میں رکوع وسجود کرے، اور اگر اسمیں اسکی استطاعت نہ ہو تو رکوع وسجود کیلئے سر سے اشارہ کرے، اور سجدے کیلئے رکوع کی نسبت سر کو ذرا زیادہ جھکائے، اگر سجدہ تو نہ کر سکے مگر رکوع کر سکتا ہو تو وہ رکوع کے موقع پر رکوع کرے اور سجدوں کیلئے اشارہ کر لے، اور اگر سجدہ کر سکتا ہو مگر رکوع نہ کر سکے تو وہ سجدوں کے وقت تو سجدے ہی کرے، البتہ رکوع کے وقت اشارہ کر لے۔

۶۔ اگر کوئی بیمار رکوع اور سجود کیلئے سر سے بھی اشارہ نہ کر سکے تو وہ صرف اپنی آنکھوں سے اشارہ کرے۔ رکوع کیلئے آنکھوں کو ذرا سا بند کرے اور سجدوں کیلئے اسکی نسبت زیادہ دیر کیلئے بند کرے۔ البتہ بعض بیمار لوگ جو انگلی سے اشارہ کرتے ہیں، وہ صحیح نہیں ہے، اور نہ ہی مجھے کتاب وسنّت اور اہلِ علم کے اقوال میں سے اس انگلی کے ساتھ اشارے کی کوئی اصل ملی ہے۔

## جو اشارہ بھی نہ کر سکے؟

۷۔ اگر کوئی بیمار سر یا آنکھ سے اشارہ بھی نہ کر سکتا ہو تو پھر وہ اپنے دل کی نیت کے ساتھ ہی نماز ادا کر لے، وہ اس طرح کہ تکبیرِ تحریمہ کہے۔ سورۃ الفاتحہ اور دوسری قراءت کرے۔ رکوع، سجدوں، قیام اور قعدہ کی دل سے نیت کرے۔ کیونکہ ہر شخص کیلئے وہی ہے جسکی اس نے نیت کی۔

## دو نمازوں کو جمع کرنا:

۸۔ بیمار کیلئے واجب ہے کہ ہر نماز کو اسکے وقت پر ادا کرے۔ اور نماز کے تمام واجبات میں سے جو بھی ممکن ہوں، انھیں اصل انداز سے ادا کرے۔ اور اگر اسکے لئے تمام نمازوں کو انکے اوقات پر ادا کرنا مشکل ہو، تو اسکے لئے جائز ہے کہ ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کو جمع کر کے اکٹھی کر لیا کرے، چاہے تو جمع تقدیم کر کے نمازِ ظہر کے ساتھ ہی نمازِ عصر اور نمازِ مغرب کے ساتھ ہی نمازِ عشاء پڑھ لے، یا جمع تاخیر کر کے ظہر کو نمازِ عصر کے وقت تک مؤخر کر کے اور نمازِ مغرب کو نمازِ عشاء تک مؤخر کر کے پڑھ لے۔ جمع تقدیم یا جمع تاخیر میں سے جو اسکے لئے آسان ہو، اُسی کو اپنا لے۔ البتہ نمازِ فجر نہ اس سے پہلی نماز کے ساتھ جمع کر کے پڑھی جا سکتی ہے نہ بعد والی کے ساتھ۔

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نمازیں قصر کرنا:

۹۔اگر بیمار شخص دوسرے ملک میں علاج معالجہ کیلئے گیا ہوا ہو، تو وہ چار رکعتوں والی نمازوں کو قصر کر کے (دوگانہ) پڑھ لیا کرے۔ نمازِ ظہر و عصر اور نمازِ عشاء کی دو دو فرض رکعتیں پڑھ لیا کرے۔ اور اسکے کئے یہ قصر کی سہولت تب تک ہے، جب تک بھی وہ دوسرے ملک میں زیرِ علاج رہے۔ اِسکے لئے تھوڑی مدت لگے یا طویل عرصہ، وہ ہر صورت میں قصر کرسکتا ہے۔ وَاللّٰہُ الْمُوَفِّقُ

**کَتَبَہٗ اَلْفَقِیْرُ اِلیٰ اللّٰہِ**

**(فضیلۃ الشیخ العلاّمہ) محمد بن صالح العثیمین رحمہٗ اللہ**

مسلک اہل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اہلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# تراجم وتصانیف محمد منیر قمر

| نام کتاب | شائع کردہ | تاریخ طباعت |
|---|---|---|
| 1 آئینہ نبوت (سیرت النبی ﷺ ایک اچھوتے انداز میں) | بزم الہلال، جامعہ سلفیہ فیصل آباد | 1396ھ 1976ء |
| 2 رمضان المبارک۔ | بزم الہلال، طبع اول | 1396ھ 1976ء |
| (روحانی تربیت کا مہینہ) | مکتبہ کتاب وسنت، طبع دوم | 1422ھ 2001ء |
| 3 کشف الشبہات (توحید) | الحاج علی محمد سعید الباقرین، شارجہ | 1400ھ 1981ء |
| 4 مسنون ذکر الٰہی (مختصر) | الحاج عامر محمد سعید الباقرین، شارجہ | 1401ھ 1981ء |
| 5 مناسک الحج والعمرہ | الحاج عامر محمد سعید الباقرین، شارجہ | 1981ء |
| 6 درآمدہ گوشت کی شرعی حیثیت | شیخ محمد صالح کندی، شارجہ | 1981ء |
| 7 خنزیر کی چربی پر مشتمل اشیاء (اردو) | صدیقی ٹرسٹ۔ کراچی | |
| 8 خنزیر کی چربی پر مشتمل اشیاء (انگلش) | مسلم اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن۔ ابرڈین یونیورسٹی | 1401ھ 1981ء |
| 9 انسانی تاریخ کی خفیہ ترین تحریک | صدیقی ٹرسٹ۔ کراچی | 1401ھ 1981ء |
| 10 دعوت الی اللہ اور داعی کے اوصاف | ادارۃ الاِسلامیہ۔ فیصل آباد | 1402ھ 1982ء |
| 11 وجوبِ عمل بالسنہ اور کفر منکر | الاِدارۃ الاِسلامیہ۔ فیصل آباد | 1401ھ 1982ء |
| 12 تین اہم اصولِ دین اور شروط الصلوٰۃ | الاِدارۃ الاِسلامیہ۔ فیصل آباد | 1403ھ 1983ء |
| 13 تین اہم اصولِ دین | دارالافتاء۔ الریاض طبع اول | 1985ء |
| ۲۰۰۰ء تک (چھ ایڈیشن) | المکتب التعاونی بالبدیعہ وغیرہ | 1413ھ |
| 14 قبولیت عمل کی شرائط (طبع اوّل) | روبی جیولرز۔ دبئی | 1411ھ 1991ء |
| (طبع دوم) | المہتاب انٹرپرائزز۔ قطر | 1412ھ 1992ء |
| (طبع سوم) | مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2001ء |

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| نام کتاب | شایع کردہ | تاریخ طباعت |
|---|---|---|
| 15 مسنون ذکرالٰہی (مفصل) طبع اول | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1981ء |
| طبع دوم | " " | 1994ء |
| طبع سوم | " " | 2001ء |
| 16 سیرت امام الانبیاء (طبع اول) | مکتبہ ابن تیمیہ۔قطر | 1992ء |
| 17 شراب اور دیگر منشیات (طبع اول) | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1993ء |
| 18 سوئے حرم (حج وعمرہ) ..طبع اول | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1989ء |
| طبع دوم | " " | 1995ء |
| 19 فقہ الصلوٰۃ (جلد اول) ..طبع اول | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1990ء |
| 20 فقہ الصلوٰۃ (جلد دوم) | مکتبہ کتاب و سنّت ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1414ھ 1999ء |
| 21 فقہ الصلوٰۃ (جلد سوم) زیر کتابت | نورِاسلام اکیڈمی۔لاہور | |
| 22 فقہ الصلوٰۃ (جلد چہارم) | زیر ترتیب | |
| 23 رمضان المبارک واحکام روزہ | زیر کتابت | 1421ھ 2000ء |
| 24 احکام زکوٰۃ وصدقات | " | |
| 25 جہاد اسلامی کی حقیقت | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2000ء |
| 26 سود ورشوت | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2001ء |
| 27 زنا کاری وفحاشی | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2001ء |
| 28 چند اختلافی مسائل میں راہِ اعتدال | " | تیار برائے طباعت |
| 29 مقالاتِ قمر | " | تیار برائے طباعت |
| 30 گلدستہ نصیحت سے پچاس پھول۔ | " | 1421ھ 2000ء |
| 31 پچاس سوال وفتاویٰ احکام حیض کے بارے | " | تیار برائے طباعت |
| 32 محرمات (حرام امور) | " | تیار برائے طباعت |
| 33 ممنوعات (ناجائز امور) | " | تیار برائے طباعت |

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| نام کتاب | شایع کردہ | تاریخ طباعت |
|---|---|---|
| 34 لوطت واغلام بازی | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2000ء |
| 35 انسدادزناولواطت کیلئے اسلام کی تدابیر | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2000ء |
| 36 سورۃ فاتحہ فضیلت ومقتدی کے لئے حکم | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | تیار برائے طباعت |
| 37 آمین۔معنی ومفہوم،مقتدی کے لئے حکم | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2000ء |
| 38 رفع الیدین، جانبین کے دلائل کا جائزہ | " | تیار برائے طباعت |
| 39 درودشریف۔فضائل واحکام | نورِ اسلام اکیڈمی۔لاہور | 1422ھ 2001ء |
| 40 ظہورامام مہدی، (طبع اول) | مکتبہ کتاب وسنت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1420ھ 2000ء |
| 41 مسائل قربانی وعیدین | | تیار برائے طباعت |
| 42 الامام العلّامہ ابن باز | زیرکتابت | |
| 43 الامام المحدّث الالبانی | زیرکتابت | |
| 44 نماز پنجگانہ کی رکعتیں مع وِتر و تہجّد | علی فؤاد پبلشرز لاہور،توحید پبلیکیشنز بنگلور | 1421ھ 2000ء |
| 45 فریضہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور ضرورتِ جہاد | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 2000ھ 1421ء |
| 46 اسیرانِ جہاداور مسئلہ غلامی | " " | 1422ھ 2001ء |
| 47 جمعہ مبارک۔فضائل ومسائل | مسودہ تیار برائے طباعت | |
| 48 نماز باجماعت کا حکم | مسودہ تیار برائے طباعت | |
| 49 مباحات ومکروھات ومفسداتِ نماز | مسودہ تیار برائے طباعت | |
| 50 تفسیر سورۃ الحجرات | مسودہ تیار برائے طباعت | |
| 51 تمباکونوشی | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | |
| 52 دخولِ جنّت کے تیس اسباب | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2000ء |
| 53 انسانی جان کی قدر و قیمت اور فلسفۂ جہاد | مکتبہ کتاب وسنّت ، ریحان چیمہ، سیالکوٹ | 1421ھ 2001ء |
| 54 مسائل واحکام طہارت (مفصّل) | مسودہ تیار برائے طباعت | |

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز **www.ahlehadees.com**

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| تاریخ طباعت | شایع کردہ | نام کتاب |
|---|---|---|
| | مسودہ تیار برائے طباعت | 55 قبروں پر مساجد یا مساجد میں قبریں اور مقاماتِ نماز |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 56 مسائل واحکام مساجد |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 57 نماز کیلئے مرد وزن کا لباس |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 58 وجوبِ نقاب (چہرہ کا پردہ) |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 59 اوقاتِ نماز |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 60 مسائل واحکامِ آذان و اقامت |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 61 مصنوعی اعضاء کی صورت میں غسل ووضوء |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 62 ننگے سر نماز |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 63 نماز میں عدم پابندی اور تارکِ نماز کا حکم |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 64 غیر مسلموں سے تعلقات اور انکے جھوٹے کھانے پانی کا حکم۔ |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 65 آدابِ دعا (مقامات، اوقات وغیرہ) |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 66 حج مسنون (شارجہ ٹیلیویژن سے نشر کردہ پروگرام) |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 67 مسائل واحکام لباس و پردہ |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 68 زیارتِ مدینہ منوّرہ (آداب واحکام) |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 69 مختصر مسائل واحکام طہارت ونماز |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 70 عیدِ میلاد النّبی ﷺ صحیح تاریخ ولادت مصطفیٰ، جشنِ میلاد وفات پر |
| | مسودہ تیار، برائے طباعت | 71 رکوع میں آکر ملنے والے کی رکعت |
| ,, | ,, | 72 خطباتِ مسجدِ نبوی ﷺ |
| ,, | ,, | 73 خطباتِ مسجدِ حرام |

مسلک اھل حدیث کا داعی وترجمان انٹرنیٹ پر علماءِ اھلِ الحدیث کی تحریر وتقاریر کا مرکز www.ahlehadees.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ